# Sample Question Paper 2023-2024

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu |
| Course | A |
| Code | 003 |
| Class | X |

Time: 3 Hours Maximum Marks: 80

---

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصے ہیں جن میں **18** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) **حصہ 'الف'** – 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے- **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ 'ب'** – 'تحریری مہارت' کے حوالے سے - **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ 'ج'۔'عملی قواعد' کے حوالے سے - 20 نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ 'د'** – 'ادب' کے حوالے سے - **15** نمبر کا ہے۔

(vi) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

**Instructions:**

(i) This Question paper contains four Sections and 18 **Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.

(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar carries **20** marks.

(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.

(vi) **Attempt answer as per the instructions.**

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر1۔** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئے۔(5x1=5)

ہماری وراثت دو قسم کی ہے قدرتی وراثت اور ثقافتی وراثت۔ جہاں تک قدرتی وراثت کے تحفظ اور بقا کا تعلق ہے اس کے لئے مختلف طریقے اپنائے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر سرکار نے جنگلوں کے تحفظ کے لئے محکمہ جنگلات قائم کیا ہے جس نے غیر قانونی طریقے سے درختوں کی کٹائی اور جنگلوں کے شکار پر پابندی لگا کر ایسا کرنے والوں کو سزائیں دیں۔اسی طرح قومی وراثت میں بھی اہم قدم اٹھائے گئے۔جہاں تک ثقافتی وراثت کی بقا اور تحفظ کا تعلق ہے حکومت نے وقتاً فوقتاً بہت سے قانون پاس کئے ہیں مثال کے طور پر 1958 میں قدیم یادگاروں اور آثارِ قدیمہ کی عمارتوں کے تحفظ کا قانون پاس کیا گیا۔

(i) محکمہ جنگلات کس مقصد کے لئے قائم کیا گیا؟

(A) قانون کے تحفظ کے لئے　　(B) جنگلات کے تحفظ کے لئے

(C) ملک کے تحفظ کے لئے　　(D) حکومت کے تحفظ کے لئے

(ii) قدیم یادگاروں اور آثارِ قدیمہ کی عمارتوں کے تحفظ کا قانون کس سن میں پاس کیا گیا۔

(A) 1957　　(B) 1858

(C) 1959　　(D) 1958

(iii) ہماری وراثت کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون؟

(iv) قدرتی وراثت کی ایک مثال دیجئے۔

(v) ثقافتی وراثت کے تحفظ کے لئے حکومت نے کیا کیا ہے؟

**سوال نمبر2۔** مندر جہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے **متعلق پوچھے** گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ (5x1=5)

ہے دُنیا جس کا نام میاں یہ اور طرح کی بستی ہے

جو مہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سَستوں کو یہ سَستی ہے

یاں ہر دم جھگڑے اُٹھتے ہیں ہر آن عدالت بستی ہے

گر مست کرے تو مستی ہے اور پست کرے تو پستی ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے، یاں سودا دست بدستی ہے

(i) اس اقتباس میں لفظ "بستی" کتنی مرتبہ دہرایا گیا ہے؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

(ii) درج بالا اقتباس کس خیال پر مبنی ہے؟

(A) حب الوطنی (B) عشق (C) دنیاوی حقیقت (D) خدا کی تعریف

(iii) "اِس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے" کا کیا مطلب ہے؟

(iv) یہ دنیا سَستوں کے لئے کیسی ہے؟

(v) اس کا عنوان تجویز کیجئے۔

**سوال نمبر3۔** مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5x1=5)

مخلوط زبانوں کے بننے کے دوران میں ایک اور بات بھی عمل میں آتی ہے جو قابل غور ہے۔یعنی ان میں سے ہر زبان کو اس خیال سے جانیں کہ ایک دوسرے کی بات آسانی سے اور جلد سمجھ میں آجائے۔ اپنی بعض خصوصیات ترک کرنی پڑتی ہیں اور صرف ایسی صورت باقی رکھی پڑتی ہے جو یا تو مشترک ہوتی ہے یا جن کا اختیار کرنا دونوں کے لئے سہل ہوتا ہے اور اس طرح دونوں میں توازن پیدا ہو جاتا ہے جو فریقین کے لئے سہولت کا باعث ہوتا ہے۔ اردو کے بننے میں بھی یہی ہوا۔فریقین یعنی ہندوو مسلمان دونوں نے اپنی اپنی زبانوں میں کتر بیونت کی۔اپنی مخصوص خصوصیات ترک کیں اور اس قربانی کے بعد جو زبان بنی اسے اختیار کرلیا۔ جو اب بھی ہماری ملکی اور قومی زبان ہے اور ہندوستان کی مشترک اور عام زبان ہونے کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ ہم نے اسے قربانی دے کر حاصل کیا ہے اور کسی کا منہ نہیں ہو سکتا کہ ہم سے چھڑا لے۔

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) الطاف حسین حالی (C) مولوی عبد الحق (D) اسلم پرویز

(ii) ' توازن ' کے معنی ہیں۔

(A) برابر (B) ہم وزن ہونا (C) ضد (D) مترادف

(iii) مخلوط زبان کے بننے کے دوران فریقین یعنی ہندوو مسلمان دونوں نے اپنی اپنی زبانوں میں کیا کیا؟

(iv) کون سی زبان ہندوستان کی مشترک اور عام زبان ہونے کا درجہ حاصل کر چکی ہے؟

(v) کسی کا منہ نہیں ہو سکتا سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر4۔** درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔ (5x1=5)

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی چلے　　　اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے — پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار — جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ — ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے ہو وہی — دانش تری، نہ کچھ مری دانشوری چلے

(i) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) مرزا محمد رفیع سودا (B) محمد ابراہیم ذوق (C) شوکت علی فانی (D) اکبر الٰہ آبادی

(ii) درج بالااشعار نظم کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) غزل (B) جدید نظم (C) رباعی (D) مثنوی

(iii) پہلے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ ان لفظوں کو لکھئے جس سے صنعت ظاہر ہو رہی ہے۔

(iv) چوتھے شعر میں عمرِ خضر سے کیا مراد ہے؟

(v) پانچویں شعر میں شاعر کیا نصیحت کرنا چاہتا ہے تحریر کیجئے۔

## Section B (حصہ ب)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-- 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (10)

(i) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل۔

(ii) آلودگی ایک سنگین مسئلہ۔

(iii) قومی اتحاد ملک کی ضرورت۔

**سوال نمبر6۔** اپنے دوست کو خط لکھ کر اس کی کامیابی پر مبارکباد پیش کیجئے۔ (1x4=4)

یا

اپنے پرنسپل کے نام فیس معافی کی کے لئے درخواست لکھئے۔

**سوال نمبر7۔** الطاف حسین حالی کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ (1x4=4)

یا

سبق "بھولا" کا خلاصہ لکھئے۔

**سوال نمبر8۔** فانی بدایونی کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ (1x3=3)

یا

"گرمی اور دیہاتی بازار" کا خلاصہ لکھئے۔

**سوال نمبر9۔** جگر صاحب کی شخصیت کے کس پہلو سے آپ متاثر ہوئے بیان کیجئے۔ (1x4=4)

یا

"فقیر" افسانے کا خلاصہ لکھئے۔

## Section C (حصہ ج)

**سوال نمبر10۔** (i) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

(ii) زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی ایک ایک مثال دیجئے۔ (2)

(iii) وہ فعل جس کا اثر فاعل تک ہی محدود رہے مفعول پر اثر نہ ڈالے کیا کہلاتا ہے۔ (1)

(A) فعل لازم (B) فعل متعدی (C) فعل معروف (D) فعل مجہول

**سوال نمبر11۔** (i)صنعت تجنیس کی تعریف اور مثال لکھئے۔ (2)

(ii) نار نمرور کو کیا گلزار دوست کو یوں بچا لیا تو نے (1)

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعت تجنیس (B) صنعت تکرار (C) صنعت مبالغہ (D) صنعت تلمیح

(iii) تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

**سوال نمبر12۔** (i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے کسی چار کو جملے میں استعمال کیجیے۔ (4)

سبز باغ دکھانا۔ خون کھولنا۔ باغ باغ ہونا۔ بڑے بول کا سر نیچا۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔

جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔

(ii) شیر و شکر ہونا کے معنی ہیں۔ (1)

(A) میٹھا ہونا (B) خوش ہونا (C) گھل مل جانا (D) دور ہونا

(iii) موجِ تند کے معنی ہیں۔ (1)

(A) تیز آواز (B) تیز جھونکا (C) دھیمی ہَوا (D) گرم ہَوا

**سوال نمبر13۔** (i) اس علامت ( ۔ ) کا نام کیا ہے؟ (1)

(A) فجائیہ (B) سوالیہ (C) وقفہ (D) ختمہ

(ii) اس علامت ( : ) کو کیا کہتے ہیں؟ (1)

(A) رابطہ (B) فجائیہ (C) سکتہ (D) قوسین

**سوال نمبر14۔** (i) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟ (1)

(ii) ایسی نظم جس میں نہ تو قافیے کی پابندی کی جاتی ہے اورنہ اُس کے تمام مصرعے برابر ہوتے ہیں کیا کہلاتی ہے؟ (1)

(A) آزاد نظم (B) پابند نظم (C) نظمِ معرا (D) نثری نظم

## Section D (حصہ د)

**سوال نمبر15۔** درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجئے۔ (2x2=4)

(i) دوپہر کو کہانی سننے کے باوجود بھولا کے چہرے پر خوشی کیوں نہیں نظر آ رہی تھی؟

(ii) استاد منگو کون تھا۔ اسے دنیا کے حالات کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

(iii) مردوں کو عورتوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے؟

(iv) تیزابی بارش کسے کہتے ہیں۔ اس کے اسباب پر روشنی ڈالئے۔

**سوال نمبر16۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے۔ (2x2=4)

(i) 'ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے' اس مصرعے کے ذریعے شاعر نے انسانی زندگی کے کس پہلو کی نشاندہی کی ہے؟

(ii) میرا حصہ دور کا جلوہ، شاعر نے کیوں کہا؟ وضاحت کیجئے۔

(iii) شاعر خالی ظرف کی صدا سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟

**سوال نمبر 17۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) ان دیوتا کو برہما نے کیا سندیس بھیجا؟

(ii) گاؤں پہنچنے سے پہلے وحید کی کیا کیفیت تھی؟

(iii) مصنف نے گدڑی کا لال کس کو اور کیوں کہا ہے؟

(iv) خاکہ نگار نے کیوں کہا کہ جگر صاحب کی باتیں غزل کے شعر ہوتی ہیں۔

**سوال نمبر18۔** درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ (1x3=3)

غزل۔ افسانہ۔ سوانح نگاری۔